سوال

(702) بہ امر مجبوری بائیں ہاتھ سے مدد لی جاسکتی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دایاں ہاتھ لکھنے میں مصروف ہو، وقت کی تنگی ہو، کوئی گرم مشروب مثلاً چائے وغیرہ بھی پینی ہو تو کیا بہ امر مجبوری بائیں ہاتھ سے مدد لی جاسکتی ہے ؟ (عبدالرزاق اختر۔ رحیم یار خان) (۸جون ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصلاً اچھے کاموں کےلیے صرف دایاں ہاتھ ہے ، ہاں البتہ معاونت کی ضرورت ہو تو بائیں ہاتھ کو بھی ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے لیکن اکیلے بائیں ہاتھ کو استعمال کرنا درست نہیں الا یہ کہ شدید اضطراری حالت ہو مگر مذکورہ کیفیت اس میں شامل نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3، کتاب اللباس : صفحہ : 501

محدث فتویٰ